
© rasailojaraid.com



ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

**ماہنامہ القاسم نوشہرہ، خصوصی اشاعت شہید اسلام شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حسن جان شہیدؒ**

**ضخامت: ۶۱۳ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: جامعہ ابوھریرہ خالق آباد نوشہرہ صوبہ سرحد**

۲۰۰۷ء جبکہ مقدس مہینہ رمضان المبارک کا دوسرا دن تھا اور اسلامیان پاکستان افطار کے قرب کیوجہ سے اللہ کے حضور دعا و مناجات میں مصروف تھے کہ عین اسی وقت چند نا معلوم ظالم قاتلوں نے عالم اسلام کے بطل جلیل عرب وعجم کے مسلمانوں کے سرمایہ افتخار اور عظیم الشان علمی وعبقری شخصیت جن کو اللہ تعالیٰ نے بہت سے اوصاف جلیلہ اور خصوصی امتیازات سے نوازا تھا استاذ العلماء شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا الحافظ محمد حسن جان المدنی قدس سرہ کو شہید کر ڈالا۔ ایک ایسی شخصیت اور فرشتہ سیرت ہستی کو قتل کرنا جن کو اگر پھول سے بھی مارا جائے تو طبیعت اس کو گوارا نہیں کرتی تھی چہ جائیکہ اسکو اسلحہ سے قتل کیا جائے معلوم نہیں کہ یہ سفاک قاتل کس طرح آپ کے قتل پر آمادہ ہوئے قاتلوں نے اس عظیم سرمائے کو ہم سے ہمیشہ کے لئے چھین لیا آپ کی شہادت کا واقعہ فاجعہ اس قدر دہشت خیز اور اندوہناک تھا کہ اس پر تمام عام اسلام ملک اور بیرونی ملک صفت ماتم بچھ گئی اور پھر دوسرے دن آپ کی نماز جنازہ میں لاکھوں افراد کی شرکت نے آپ کو تاریخ میں ہمیشہ کے لئے امر کر لیا۔

مولانا عبدالقیوم حقانی مدیر ماہنامہ ''القاسم'' نوشہرہ کو اللہ تعالیٰ نے یہ سعادت بخشی ہے کہ انہوں نے اپنے موقر جریدہ ''القاسم'' کو ایسی عظیم شخصیات پر خصوصی اشاعتیں نکالنے کیلئے وقف کر رکھا ہے اور انتہائی قلیل عرصے میں اس کے کئی ضخیم نمبرات منصۂ شہود پر آئے ہیں۔ زیر تبصرہ خصوصی اشاعت بھی اسی زرین سلسلہ کی ایک کڑی ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس میدان میں گوئے سبقت لے جانے کی سعادت سے بھی نوازا کہ سب سے پہلے شہید مظلوم پر ضخیم نمبر مجلہ ''القاسم'' کا نکالا اور یوں اپنے استاد اور شیخ کے ساتھ اپنی عقیدت ومحبت کا اظہار فرمایا۔

مضامین کے انتخاب اور حسن معیار میں آپ کی محنت سطر سطر اور ورق ورق سے جھلکتی ہے حضرت الشیخ شہید کے تلامذہ اور دیگر اہل علم اور اہل ذوق حضرات کے لئے یہ بہت بڑی سوغات اور علمی تحفہ ہے ادارہ اس عظیم اور مبارک کام پر مولانا حقانی کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے۔

---

© rasailojaraid.com